پریس ریلیز

این سی سی آئی اے گوجرانوالہ کی ٹیم کا گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ، سائبر کرائم سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد

تاجر برادری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، ان کی ترقی پورے ملک کی ترقی ہے: سرکل انچارج حسن سجاد نقوی

گوجرانوالہ: نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) گوجرانوالہ کے سرکل انچارج حسن سجاد نقوی نے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز محمد حسیب اور محمد ولید کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا دورہ کیا، جہاں چیمبر ممبران کے لیے سائبر کرائم سے بچاؤ اور اس کے تدارک سے متعلق ایک اہم آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔

اس موقع پر صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، ظفر اقبال ڈار، آصف مظفر، ایگزیکٹو ممبران اور سینئر ممبران نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔

آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے سرکل انچارج حسن سجاد نقوی نے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور ان کی ترقی ہی دراصل پورے ملک کی ترقی ہے، اس لیے ان کا تحفظ اور تجارتی سہولت ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کے لیے ہے اور تمام ادارے عوام کی خدمت کے لیے موجود ہیں؛ آپ محفوظ رہیں گے تو ملک کے معاشی معاملات بھی درست سمت میں گامزن رہیں گے۔

انہوں نے مزید کہا کہ تمام شعبہ ہائے زندگی تیزی سے ڈیجیٹلائزیشن کی طرف بڑھ رہے ہیں، تاہم اس کے ساتھ ہی تقریباً ہر دوسرے فرد کو سائبر سیکیورٹی کے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور شہریوں کے ڈیٹا، مالیاتی ٹرانزیکشنز اور دیگر ذاتی امور میں غیر مجاز رسائی کے واقعات سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ محض چار ماہ کے دوران 50 ہزار 563 شکایات موصول ہوئی ہیں، جن میں سب سے زیادہ مالی فراڈ، بلیک میلنگ، ہراسانی اور ہیکنگ کے معاملات شامل ہیں۔

تجارت اور صنعت کے تناظر میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری کا سب سے بڑا چیلنج ڈیٹا تک غیر مجاز رسائی، مالی فراڈ اور شناخت کی چوری ہے، جو کہ سنگین نوعیت کے جرائم ہیں اور ان پر قانون کے تحت کم از کم تین سال قید اور 50 لاکھ سے ایک کروڑ روپے تک کا جرمانہ ہو سکتا ہے۔ شکایت کے طریقہ کار کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ ایمرجنسی ہیلپ لائن 1799 فعال ہے، جہاں سے شکایت موصول ہونے کے بعد تصدیق کے مرحلے سے گزر کر باقاعدہ انکوائری کی جاتی ہے اور تمام معاملات کی تسلی کے بعد ایف آئی آر درج کی جاتی ہے۔ انہوں نے شہریوں اور تاجروں سے پرزور اپیل کی کہ اپنا او ٹی پی (OTP) ہرگز کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔ تقریب کے آخر میں انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ادارہ تاجر برادری کے تحفظ کے لیے ہر وقت دستیاب ہے اور امید ظاہر کی کہ تمام امور باہمی تعاون سے آگے بڑھائے جائیں گے۔

PRESS RELEASE

NCCIA Gujranwala Team Visits Chamber of Commerce; Cyber Crime Awareness Session Convened for Business Community

Business Community is the Backbone of the Economy; Their Progress is the Progress of the Entire Country: Circle In-charge Hassan Sajjad Naqvi

GUJRANWALA: Circle In-charge National Cyber Crime Investigation Agency (NCCIA) Gujranwala, Hassan Sajjad Naqvi, accompanied by Assistant Directors Muhammad Haseeb and Muhammad Waleed, paid an official visit to the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) to conduct a comprehensive cyber crime awareness session for Chamber members.

The visiting officials were warmly welcomed by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, Zafar Iqbal Dar, Asif Muzaffar, executive committee members, and senior representatives.

Addressing the awareness session, Circle In-charge Hassan Sajjad Naqvi stated that the business community forms the backbone of the national economy, and their growth directly translates into national prosperity; hence, ensuring their security and commercial facilitation is a primary institutional responsibility. He underscored that state institutions exist to serve the public, noting that commercial stability relies heavily on the safety and protection of citizens.

He noted that while all sectors are rapidly embracing digitization, an increasing number of individuals are encountering cyber security threats, with unauthorized access to personal data, financial transactions, and confidential records on the rise. He revealed that over a span of just four months, 50,563 complaints were received, predominantly comprising financial fraud, blackmailing, harassment, and hacking incidents.

Highlighting risks specific to the commercial sector, he warned that data breaches, financial fraud, and identity theft constitute severe offences punishable under the law with a minimum of three years imprisonment and fines ranging from 5 million to 10 million rupees. Detailing the grievance redressal mechanism, he highlighted that the emergency helpline 1799 remains active, through which complaints undergo rigorous verification and formal inquiry before the registration of an FIR. He strongly urged citizens and traders never to share their One-Time Passwords (OTP) with anyone. Concluding his address, he assured the business community that the agency stands fully prepared to assist them at all times, expressing optimism for continued collaborative engagement.